● **سیرت سیدنا عثمان ذوالنورینؓ** .... تالیف: مولانا ابومحمد ثناء اللہ سعد شجاع آبادی

ضخامت: ۷۱۹صفحات		ناشر: دارالسعید رابطہ نمبر 03006379821

امیر المومنین خلیفۃ المسلمین سیدنا حضرت عثمان ذوالنورینؓ تیسرے خلیفہ راشدہ ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دوہرے داماد کا شرف بھی انہیں حاصل ہے۔اشاعت اسلام اور دین حنیف کے فروغ اور دفاع دین محمدی کیلئے ان کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔

عرصہ دراز سے بعض فتنہ پرور لوگوں نے حضرت عثمان کی ذات، کردار اور شخصیت کو ہدف تنقید بنا رکھا ہے اور سادہ لوح مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش و مساعی کرنے لگی ہے، ایسی صورتحال میں عوام الناس کی اصلاح اور رہنمائی کیلئے علمائے اہل سنت اور علمائے حق نے ہمیشہ کی طرح حق کی آواز بلند کی اور حضرت عثمان ذوالنورین کی کردار، خدمات اور انکی شخصیت پر بھی بے شمار کتابیں، مقالات اور مضامین تحریر کر کے شبہات اور اعتراضات کا ازالہ کیا، حضرت عثمانؓ کی شخصیت پر لکھنے کا یہ سلسلہ تا ہنوز سلسلہ جاری ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ''سیرت سیدنا عثمان ذوالنورینؓ'' اسی سلسلے کی ایک حسین کڑی ہے جسے حضرت مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی جیسے محقق فاضل نے انتہائی عرقریزی سے مرتب کیا ہے۔مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی ایک جید اور قابل مولف عالم دین شخصیت ہیں۔اس سے پہلے بھی انکی کئی نامور کتابیں اہل علم سے داد تحسین وصول کر چکی ہیں۔ یہ انکی تازہ علمی تصنیف ہے جس میں انہوں نے وقت کے تقاضوں کے مطابق نہایت عمدہ اور دلنشین اسلوب اختیار کیا ہے اور حضرت عثمان ذوالنورینؓ کی حیات و خدمات پر مفصل اور گرانقدر مواد کو اکٹھا کرنے اور اسے خوش اسلوبی سے مرتب کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی۔۱۲ ابواب پر مشتمل یہ گلدستہ سیرت عثمان ذوالنورینؓ پر ایک انسائیکلو پیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔ ڈھیر سارے سوالات اور اعتراضات کے مسکت اور مدلل جوابات کا مجموعہ ہے۔اعتدال پر مبنی تحقیق و بصیرت کی آنکھیں روشن کرنے والی کتاب ہے۔اہل علم کیلئے ایک انمول تحفہ اور عامۃ الناس کیلئے قیمتی سوغات سے کم نہیں۔اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت سے نوازے۔

● **جب قافلے حرم کو چلے** ......مولانا عمر بن سعید احمد راشدی ضخامت:۳۷۱صفحات

ناشر: چوہدری ندیم حسین، چوہدری انور مارکیٹ سی ایم ایم روڈ محمدی بازار جہلم کتب: 03009524077

حج اسلام کا پانچواں بنیادی رکن ہے اور یہ رکن سب ارکان مبارکہ سے الگ و انوکھا ہے، بایں طور پر کہ حج تمام قسم عبادتوں کا مجموعہ ہے، اس میں مال بھی خرچ ہوتا ہے اور جسم کو مشقت بھی کرنا پڑتی ہے اور راہ کی صعوبتیں بھی جھیلنا پڑتی ہے، حج و عمرہ کے مسائل اور حرمین شریف کی تاریخ پر ہر زمانے اور ہر علاقے کے